DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 182

DATED 23-02-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 23.02.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گورنر بلوچستان کا بنوں دہشتگرد حملوں میں شہید ہونے والوں کو خراج عقیدت | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ کی ہدایت پر صوبے کے مختلف علاقوں میں رمضان پیکج کی تقسیم جاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | ٹیک چوری کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کی جارہی ہیں، محمد خان لہڑی | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | معدہ اور دانتوں اور ہسپتالوں کا بھی جلد افتتاح کیا جائے گا، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | ریونیو کے معاملات میں بہتری حکومت کا اہم ہدف ہے، عاصم کرد گیلو | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | کوئٹہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ نے اقدامات تیز کر دیئے | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور ایس ایس پی ٹریفک کا شہر کا دورہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کوئٹہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر 41 افراد جیل منتقل 28 دکانیں سیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | گوادر کے پانچ ہائی اسکول سربراہوں سے محروم انتظامی وتدریسی مسائل سنگین | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، پشین انتظامیہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | حکومت کی جانب سے رمضان سستا بازار فعال، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | سرکاری نرخنامے کیخلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کارروائی ہوگی، کوہلو انتظامیہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | کوئٹہ ٹریفک کا نظام جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، ایس ایس پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | رمضان المبارک کو منافع خوری کی نذر نہیں ہونے دینگے، خضدار انتظامیہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | سیاست کا میدان سازشوں سے نہیں عوامی اعتماد سے سجتا ہے، مولانا عبدالواسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | ملکی خارجہ پالیسی عوامی مفاد کی بنیاد پر استوار ہونا چاہیے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

خضدار اور بارکھان سے پراجیکٹ مینجر سمیت نو مزدور اغواء، پشین پولیس لائن اور کیڈٹ کالج پر خوارج کے حملے کا منصوبہ ناکام آپریشن میں پانچ ہلاک، ہزارہ ٹاون موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے دو کارندے گرفتار، کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں مسلح افراد کا آرتھوپیڈک سرجن پر تشدد، ڈیرہ مراد جمالی ڈاکو موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

## مسائل:

لورالائی سستا بازار سبسڈی نہ ملنے سے خواب بن کر رہ گیا، جناح روڈ و گرد ونواح میں نشیئوں کے جرائم بڑھنے لگے، حب رمضان میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ جاری شہری پریشان

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 23.02.2026

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ صوبائی دارلحکومت کوئٹہ میں حکومت کی جانب سے شروع کئے جانے والے ترقیاتی منصوبے اکثر وقت پر مکمل نہیں ہو پاتے جس کی وجہ سے عوام کو سہولت کی بجائے زحمت کے عمل سے گزرنا پڑتا ہے اس لئے اس سلسلے میں اقدامات کرنا بہت ہی ضروری ہیں۔ گزشتہ روز صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے فیلڈ آفسران کی غیر حاضری پر سخت نوٹس لیتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت پر سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور رہائشی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ذمہ داری ہے اگر فیلڈ افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا نہیں کریں گے تو اس کا براہ راست نقصان عوام کو اٹھانا پڑے گا جو کسی بھی صورت قابل قبول نہیں انہوں نے تمام متعلقہ آفسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی حاضری کو یقینی بنائیں جاری اسکیموں کی باقاعدہ نگرانی کریں اور پیشرفت سے متعلقہ تفصیلی رپورٹس مقررہ وقت کے اندر جمع کروائیں۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار بھی کیا ہے کہ حکومت عوامی خدمت اور شفاف طرز حکمرانی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور ترقیاتی منصوبوں کی موثر تکمیل میں حائل ہر رکاوٹ کو دور کیا جائے۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **مہنگائی کیخلاف حکومتی کارروائی ....کوئٹہ می ریاستی رٹ کی بحالی کا امتحان** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے " Rate list or jail List ? Tricksters! " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے " **بڈھے بلوچ کی نصیحت** " کے عنوان سے حامد میر کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " **ایف سی بلوچستان (سائوتھ) عوامی خدمت میں پیش پیش** " کے عنوان سے نسیم الحق کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 23 FEB 2026 Page No. 1


## گورنر بلوچستان کا بنوں دہشتگرد حملوں میں شہید ہونیوالوں کو خراج عقیدت

کوئٹہ (غ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خیبر پختونخوا کے جنوبی ضلع بنوں میں دہشت گرد عناصر کے خلاف آپریشن کے دوران لیفٹیننٹ کرنل شہزاد گل فراز اور ایک سپاہی کی شہادت پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

ہے۔ لیفٹیننٹ کرنل شہزاد گل فراز اور ایک سپاہی نے اپنے ملک کے دفاع اور شرپسند عناصر کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور ان کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے شہداء کی مغفرت کے لیے دعا کی اور ان کے سوگوار خاندانوں سے دلی یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 1

Dated 23 FEB 2026 Page No. 2

# وزیراعلیٰ کی ہدایت پر صوبے کے مختلف علاقوں میں رمضان پیکیج کی تقسیم جاری

ڈیرہ مراد جمالی، نصیر آباد، خضدار سمیت دیگر اضلاع میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام مستحق خاندانوں کو منظم انداز میں ریلیف فراہم کیا گیا

**یہ فلاحی اقدام وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی عوام دوستی اور خدمتِ خلق کے جذبے کا عملی مظہر ہے، عوام کا اظہار تشکر**

نصیر آباد + خضدار (خ ن) حکومت بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست ویژن کے تحت ماہِ مقدس میں مستحق خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ڈیرہ مراد جمالی میں راشن ڈسٹری بیوشن کا جامع اور منظم عمل کامیابی سے جاری ہے۔ وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تیموں، بیواؤں اور نادار طبقے تک بروقت امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ وہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں سکون اور اطمینان کے ساتھ عبادات ادا کر سکیں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ذوالفقار علی کرار کی براہ راست نگرانی میں راشن کی تقسیم شفاف، منصفانہ اور مربوط حکمت عملی کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں قائم 8 رکنی کمیٹی وارڈ وارڈ کا دورہ کر کے مستحق افراد کی تصدیق کے بعد راشن ان تک پہنچا رہی ہے۔ تین روز کے مختصر عرصے میں شہر کے 44 وارڈز میں سے 41 وارڈز میں مکمل طور پر راشن تقسیم کیا جا چکا ہے، جو انتظامیہ کی مؤثر منصوبہ بندی کا مظہر ہے ضلعی انتظامیہ کے مطابق تقسیم کے تمام مراحل میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ نگرانی اور فہرستوں کی جانچ پڑتال کی جا رہی ہے تاکہ امداد حقیقی حقداروں تک پہنچے۔ راشن تقسیم کے عمل میں تحصیلدار معظم علی جتوئی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کے پی ایس منظور شیرازی سمیت دیگر عملہ مال بھی اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کے مطابق وارڈز میں مرحلہ وار تقسیم کے بعد یونین کونسل کی سطح پر بھی راشن کی فراہمی کا عمل شروع کیا جائے گا۔ انتظامیہ نے عزم ظاہر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات بلاتعطل جاری رکھے جائیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 FEB 2026 Page No. 3


## معدہ اور دانتوں کے اسپتالوں کا بھی جلد افتتاح کیا جائے گا، بخت محمد کاکڑ

### اسپنی روڈ پر دو سو بیڈ کا ٹراما سنٹر اور دل کا اسپتال تیار ہو گئے، عنقریب فعال کر دیئے جائیں گے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بروری میں میڈیکل حب بنایا جا رہا ہے ایک ہی علاقے میں شہریوں کو ٹراما سنٹر، دل، معدے، ڈینٹل کے امراض کے علاج کے اسپتالوں کی سہولت حاصل ہوگی اسی علاقے میں گائنی کا جدید اسپتال بھی ایک سال میں بنا دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں بروری کے علاقے اسپنی روڈ پر دو سو بیڈ کا ٹراما سنٹر اور دل کا اسپتال تیار ہو گئے ہیں جو عنقریب فعال کر دیئے جائیں گے اسی علاقے میں معدہ اور ڈینٹل کے اسپتال بھی تیاری کے آخری مراحل میں ہیں ان اسپتالوں کا بھی جلد افتتاح کیا جائے گا۔ بخت محمد کاکڑ کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت نے اسپنی روڈ پر ٹراما سنٹر کے ساتھ ہی گائنی کے حوالے سے پچاس بیڈ کا جدید اسپتال بھی بنانے کا فیصلہ ہے جو ایک سال کی مدت میں مکمل ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ بروری میں بنائے جانے والے میڈیکل حب کو شہر سے ملانے کیلئے فلائی اوور تعمیر کیا جائے گا جو عام ٹریفک کیلئے نہیں ہوگا۔

MASHRIQ QUETTA

## ٹیکس چوری کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں، محمد خان لہڑی

### قانون پر عملداری یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز

### سرکاری آمدن میں اضافے کیلئے غیر قانونی سرگرمیوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، گفتگو

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ غیر قانونی کاروبار، اسمگلنگ اور ٹیکس چوری کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں ایکسائز محکمے کی کارکردگی بہتر بنانے اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کیلئے سخت اقدامات اٹھا رہے ہیں، یہ بات انہوں نے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ محصولات کے تحفظ اور سرکاری آمدن میں اضافے کے لئے غیر قانونی سرگرمیوں کا خاتمہ ناگزیر ہے ایکسائز حکام کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بلا امتیاز کارروائیاں کریں اور کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہ کی جائے، حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ عوامی تعاون کے بغیر غیر قانونی سرگرمیوں کے ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

خلاف مکمل کامیابی ممکن نہیں، لہٰذا شہری مشکوک معاملات کی اطلاع متعلقہ حکام تک پہنچائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قانون شکنی کے مرتکب عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی۔

## ریونیو کے معاملات میں بہتری حکومت کا اہم ہدف ہے، عاصم کرد گیلو

### ٹیکس وصولی کے طریقہ کار میں آسانی اور بدعنوانی کے سدباب کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

### حکومت شہریوں پر غیر ضروری بوجھ ڈالنے کے خلاف ہے، صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ صوبے میں محصولات کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے اصلاحات متعارف کرائی جا رہی ہیں شفافیت، موثریت اور عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ریونیو کے معاملات میں بہتری لانا حکومت کا اہم ہدف ہے، یہ بات انہوں نے میڈیا کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ اراضی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن، ٹیکس وصولی کے طریقہ کار میں آسانی اور بدعنوانی کے سدباب کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے نہ صرف سرکاری امور میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو بھی سہولت میسر ہوگی، میر عاصم ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 FEB 2026 Page No. 5


## عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، پشین انتظامیہ

ضلعی انتظامیہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائے گی، ڈپٹی کمشنر

**عوام سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ انتظامیہ کو آگاہ کریں، اجلاس سے خطاب**

پشین (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع پشین کی ضلعی انتظامیہ نے مقدس ماہ رمضان کے دوران اشیائے خورد و نوش کی سرکاری نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے اور ذخیرہ اندوزی کے خاتمے کے لیے بھرپور پرائس کنٹرول و اینٹی ہورڈنگ آپریشن کا انعقاد کیا۔ ڈپٹی کمشنر پشین کی نگرانی میں یہ کارروائیاں ضلع بھر کی تمام تحصیلوں تحصیل پشین، تحصیل برشور، تحصیل کاریزات اور تحصیل حرمزئی میں بیک وقت کی گئیں۔ اس دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ عملے نے بازاروں، دکانوں اور گوداموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مجموعی طور پر 336 چھاپے مارے گئے، جن کے دوران سرکاری نرخناموں کی خلاف ورزی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری میں ملوث (بقیہ نمبر9 صفحہ نمبر5 پر)

(بقیہ نمبر9 صفحہ نمبر5 پر)

افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائیوں کے نتیجے میں 13 دکانداروں کو گرفتار کیا گیا۔ 13 دکانیں سیل کی گئیں۔ مجموعی طور پر 38 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ سرکاری نرخنامے آویزاں نہ کرنے پر 109 دکانداروں کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر پشین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائے گی اور ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی عوام کا استحصال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ انتظامیہ کو آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائیوں کے نتیجے میں 13 دکانداروں کو گرفتار کیا گیا۔ 13 دکانیں سیل کی گئیں۔ مجموعی طور پر 38 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ سرکاری نرخنامے آویزاں نہ کرنے پر 109 دکانداروں کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر پشین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائے گی اور ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی عوام کا استحصال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ انتظامیہ کو آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

## حکومت کی جانب سے رمضان سستا بازار فعال ہے، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ

رمضان سستا بازار روزانہ صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک کھلا رہتا ہے، جہاں اشیائے خورد و نوش رعایتی نرخوں پر دستیاب ہیں

**ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں بازار کی نگرانی اور اشیائے خورد و نوش کی رعایتی نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے متحرک ہیں**

کوئٹہ (خ ن) حکومتِ بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رمضان سستا بازار عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فعال ہے۔ رمضان سستا بازار روزانہ صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک کھلا رہتا ہے، جہاں اشیائے خورد و نوش رعایتی نرخوں پر دستیاب ہیں۔ سستا بازار میں دالیں، گوشت، سبزیاں اور دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ روزہ دار اور شہری روزانہ کی بنیاد پر رمضان سستا بازار سے معیاری اور سستی اشیاء خرید سکتے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں بازار کی نگرانی اور فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے متحرک ہیں جبکہ کسی بھی شکایت کی صورت میں شہری شکایت سیل نمبر 03092734823 پر ضلعی انتظامیہ کو فوری آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

## سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی، کوہلو انتظامیہ

شہری اگر کہیں گراں فروشی یا غیر معیاری اشیاء کی فروخت دیکھیں تو فوری طور پر انتظامیہ کو اطلاع دیں، کبیر مزاری

**عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اشیائے ضروریہ کی مقررہ قیمتوں پر دستیابی کو یقینی بنایا جائے گا**

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کوہلو کبیر مزاری نے ماہ صیام کے پیش نظر شہر کے مختلف بازاروں اور مارکیٹوں کا دورہ کرتے ہوئے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اندرون بازار میں سبزی و پھل، بیکری آئٹمز سمیت دیگر اشیائے ضروریہ کے پرائس چیک کیے۔ انہوں نے دکانداروں کو سرکاری نرخ نامے کی سختی سے پابندی کرنے کی ہدایت جاری کی ہیں اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ رمضان المبارک کے دوران گراں فروشی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام (بقیہ نمبر8 صفحہ نمبر5 پر)

(بقیہ نمبر8 صفحہ نمبر5 پر)

کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اشیائے ضروریہ کی مقررہ قیمتوں پر دستیابی کو یقینی بنایا جائے گا دورے کے دوران متعدد دکانوں پر نرخ نامے آویزاں نہ ہونے پر وارننگ جاری کی گئی جبکہ بعض مقامات پر معیار اور صفائی کی صورتحال کا بھی معائنہ کیا گیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے جن کی شناخت سادہ کپڑوں میں ملبوس پرائس کنٹرول کمیٹی کے ممبران کر رہے ہیں اے سی کوہلو نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اگر کہیں گراں فروشی یا غیر معیاری اشیاء کی فروخت دیکھیں تو فوری طور پر انتظامیہ کو اطلاع دیں تاکہ بروقت کارروائی کی جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 FEB 2026 Page No. 6


# کوئٹہ ٹریفک کا نظام جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، ایس ایس پی

**ٹریفک مینجمنٹ سسٹم کی بہتری کیلئے ٹریفک انجینئرنگ بیورو کے قیام کو یقینی بناتے ہوئے کمانڈ کنٹرول سسٹم قائم کیا جا رہا ہے**

**ٹریفک روانی کی بہتری کیلئے جدید کیمروں اور جدید اے آئی سسٹم سے لیس 2 درجن کے قریب جدید گاڑیاں لا رہے ہیں**

**کوئٹہ شہر میں ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کیلئے 7 خواتین سمیت 806 آفیسران اور اہلکار اپنے فرائض منصبی ادا کر رہے ہیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سینئر سپرنٹنڈنٹ ٹریفک پولیس کوئٹہ مرزا بلال حسن نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے مہینے میں عوام کی سہولت کے لئے ٹریفک پولیس کے آفیسران اور جوان ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی ڈیوٹی کے دوران ہی روزہ افطاری کر رہے ہیں۔ شہری ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ ٹریفک پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ہم آہنگ کرنے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں ٹریفک پولیس میں خواتین کی تعداد کو بھی بڑھایا جا رہا ہے اور ٹریفک انجینئرنگ بیورو کے قیام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک مینجمنٹ سسٹم کی بہتری عمل میں لا رہے ہیں اور کمانڈ کنٹرول سسٹم ٹریفک پولیس کے آفس میں قائم کیا جا رہا ہے اس سسٹم کے تحت جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ 2 درجن کے قریب جدید گاڑیاں جن میں کیمرے اور جدید اے آئی سسٹم سے لیس ہوں گی لا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈی ایس پی لائسنس برانچ محمد اعظم سرپرہ، ڈی ایس پی سیف اللہ اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشن آئی جی پولیس بلوچستان شہزادہ فرحت احمد زئی بھی موجود تھے۔ ایس ایس پی ٹریفک پولیس نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بسنے والے لاکھوں نفوس کو ٹریفک کے حوالے سے سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لئے 806 آفیسران اور اہلکار جن میں 7 خواتین بھی شامل ہیں۔ اپنے فرائض منصبی ادا کر رہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ کوئٹہ جو کہ بلوچستان کا دارالحکومت ہے ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لئے شہر کو 15 سیکٹر میں تقسیم کیا ہے جس کا مقصد ٹریفک کی بحالی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کرنا ہر شہری کی ذمہ داری ہے اس لئے ٹریفک پولیس سیف سٹی اور اپنے عملے کے ذریعے قانون پر عملداری کو یقینی بنا رہے ہیں۔ عوام کی سہولت کے لئے ایف ایم ریڈیو کے ذریعے ہر آدھے گھنٹے بعد مختلف سڑکوں پر ٹریفک کے حوالے سے شہریوں کو آگاہی دے رہے ہیں منظم سسٹم بنانے کیلئے ٹریفک مینجمنٹ سسٹم پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے اور موثر حکمت عملی کے تحت قانون کی پاسداری یقینی بنائی جا رہی ہے کوئٹہ میں ایک پارکنگ پلازہ ہے مختلف علاقوں میں پارکنگ پلازے بنانے کی ضرورت ہے اور نو پارکنگ زون کے علاقوں میں انفورسمنٹ اور پولیس قوانین پر عملدرآمد کے لئے اقدامات اٹھاتی ہے۔ ہسپتالوں کے گیٹ کے قریب کھڑے ہونے والے رکشوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں ٹریفک کے حوالے سے شہریوں اور ڈرائیورز میں شعور و آگاہی کیلئے ہم اپنا کردار ادا کر رہے ہیں اب تعلیمی اداروں میں نوجوانوں کو ٹریفک قوانین کی آگاہی کے لئے پروگرام شروع کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر رجسٹرڈ گاڑیوں، رکشوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ عوام کو ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے تمام سہولیات دے رہے ہیں اور جدید میگا سینٹر قائم کیا گیا ہے جہاں ایک ہی چھتری کے نیچے تمام سہولیات میسر ہیں جمعہ کا دن صرف خواتین کو ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کیلئے متعین کیا گیا ہے لاہور اسلام آباد اور دیگر شہروں کی نسبت کوئٹہ میں ڈرائیونگ لائسنس کی فیس بہت کم ہے ہم نے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے بائیومیٹرک کے ذریعے عالمی معیار کے لائسنس جاری کر رہے ہیں۔ ہم نے خواتین کی تعداد ٹریفک پولیس میں بڑھانے کے لئے پرپوزل تیار کی ہے کیونکہ بلوچستان قبائلی صوبہ ہے جہاں پر خواتین ڈرائیونگ کر رہی ہے ہماری کوشش ہے کہ خواتین پولیس اہلکار بھی ان خواتین ڈرائیورز کے کاغذات کی چیکنگ کریں۔ عوام کی سہولت کیلئے مکینکل وہیکل شروع کی ہے کسی بھی شہری خراب ہونے والی گاڑی کو ٹھیک کیا جائے اگر نقص زیادہ ہے تو گاڑی کو اس کے گھر یا ورکشاپ تک پہنچائیں گے اس میں 50 سے زائد شہریوں کو سروس مہیا کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس کا عملہ اور شہری گاڑیاں چلاتے ہوئے صبر و تحمل کا دامن نہ چھوڑیں ٹریفک پولیس اہلکار خوش اخلاقی اور حسن اخلاق سے عوام کے ساتھ پیش آئے۔ اور شہری بھی ٹریفک پولیس کی ذمہ داری کو سمجھے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 23 FEB 2026 Page No. 7


خضدار

# رمضان المبارک کو منافع خوری کی نذر نہیں ہونے دینگے انتظامیہ

## گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر

## اشیاء خورد ونوش کی قیمتیں مقرر کرتے وقت پڑوسی اضلاع کی مارکیٹ کو مدنظر رکھا گیا ہے، اجلاس سے خطاب

خضدار (ع ن) اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ماہ صیام کے دوران اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ شہری (بقیہ نمبر7 صفحہ نمبر5پر)

ایکشن کمیٹی کے چیئرمین بشیر احمد بنگ اور لائیو اسٹاک سے ڈاکٹر سکندر شماریات آفیسر نذیر احمد مختلف تجارتی تنظیموں کے نمائندے نے شرکت کیا اجلاس کے دوران خضدار اور اس کے گرد ونواح کے شہروں میں رائج قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ خضدار میں اشیاء کی قیمتیں مقرر کرتے وقت پڑوسی اضلاع کی مارکیٹ صورتحال کو مدنظر رکھا گیا ہے تاکہ تاجروں اور عوام دونوں کے مفادات کا تحفظ ہو سکے۔ مشاورت کے بعد متفقہ طور پر رمضان پرائس لسٹ کو حتمی شکل دے دی گئی اسسٹنٹ کمشنر حفیظ اللہ کاکڑ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا رمضان المبارک برکتوں کا مہینہ ہے، اسے منافع خوری کی نذر نہیں ہونے دیں گے۔ تمام تاجر سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں بھاری جرمانے اور گرفتاریاں عمل میں لائی جائیں گی۔ انجمن تاجران کے صدر حافظ حمید اللہ اور شہری ایکشن کمیٹی کے نمائندوں نے انتظامیہ کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ رمضان کے مقدس مہینے میں شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 FEB 2026 Page No. 11

## لورالائی سستا بازار سبسڈی نہ ملنے سے خواب بن کر رہ گیا

**صوبائی حکومت کی عدم توجہی کے باعث سستا بازار خواب بن گیا، چند دکاندار اپنی مدد آپ کے تحت اسٹال لگانے پر مجبور**

**بڑے گوشت کی قیمت ایک ہزار، بغیر ہڈی گیارہ سو جبکہ چھوٹا گوشت سترہ سو روپے فروخت، آٹا بھی معمولی سستا دستیاب**

**رمضان شروع ہوتے ہی سبزیوں کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگیں، سستا بازار میں بنیادی اشیائے خورونوش کی شدید کمی**

لورالائی (آن لائن) لورالائی سستا بازار صوبائی حکومت کی جانب سے سبسڈی نہ ملنے کی وجہ سے خواب بن کر رہ گیا چند دکانداروں نے اپنی مدد آپ کے تحت سستا بازار میں اسٹال بھی لگائے ہیں اس اسٹال میں بڑا گوشت ہڈی 1000 روپے بغیر ہڈی 1100 روپے۔ چھوٹا گوشت 1700 روپے اسی طرح آٹا بھی بازار سے 150 روپے فی تھیلی سستی ہے شہریوں کے مطابق ہم اس مہنگائی میں گوشت کھانے کے قابل نہیں ہیں تو تو سیشن والے سستا بازار میں گیس۔ سبزی اور فروٹ وغیرہ کا کوئی اسٹال نہیں ہے اس وقت سبزی غریب عوام کی ضرورت ہے اور بازار میں سبزی کے ریٹ رمضان کے شروع ہوتے ہی آسمان کو چھو رہے ہیں اس موقع پر دکانداروں نے بتایا کہ اس بار ہمیں سستا بازار لگانے کے لیے صوبائی حکومت نے سبسڈی نہ دینے عندیہ دیا ہے یعنی دکاندار اپنے بچوں کا پیٹ کاٹ کر چیزیں سستی دے دکانداروں نے کہا کہ سبسڈی کے بغیر ہم کسی صورت بھی سستا بازار کا حصہ نہیں بنیں گے حکومت کے پاس عیاشیوں کے لیے فنڈز موجود ہیں وہ غریب عوام کے لیے سبسڈی اور ملازمین کے لیے ڈی آر اے فنڈز کے لیے رقم نہیں ہیں جو ایک مضحکہ خیز اور شرمناک بات ہے صوبائی حکومت کے رویئے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اسٹیبلشمنٹ کی پیداوار ہے اور اسکا غریب عوام سے کوئی تعلق نہیں ہے نہ شہر میں بجلی ہے نہ پانی ہے غریب کا آخری آسرہ سستا بازار کا تھا وہ بھی سبسڈی نہ دیکر چھین لیا گیا ہے غریب عوام جائے تو کہاں جائے صوبائی حکومت کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے اور غریب عوام کو جینے کا حق نہیں ہے

## جناح روڈ و گرد ونواح میں نشئیوں کے جرائم بڑھنے لگے

**تاجروں کا کاروبار متاثر ہو رہا ہے اور شہری بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں**

**گیس و بجلی کے میٹرز سمیت جو کچھ ہاتھ آتا ہے چوری کرتے ہیں**

کوئٹہ (اے این این) جناح روڈ، نزد فتح خان مارکیٹ میں منشیات کے عادی افراد کی بڑھتی سرگرمیوں اور چوری کی وارداتوں میں اضافے پر تاجروں اور مقامی شہریوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ مقامی سماجی رہنما و تاجر حاجی عمران خان عباسی نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے۔ حاجی عمران خان عباسی کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم منشیات عادی افراد نے ہوٹل کے باہر نصب گیس میٹر توڑ کر لے جانے کی کوشش کی۔ ہوٹل کے عملے نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو روکنے کی کوشش کی، تاہم ملزمان رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ جناح روڈ جیسے مصروف کاروباری علاقے میں اس نوعیت کے واقعات تشویشناک ہیں۔ منشیات کے عادی افراد کھلے عام گھومتے ہیں جس سے نہ صرف تاجروں کا کاروبار متاثر ہو رہا ہے بلکہ شہری بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس اور ضلعی انتظامیہ شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ تاجروں نے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں پولیس گشت بڑھایا جائے، منشیات فروشوں اور عادی افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے اور سی سی ٹی وی کیمروں کی نگرانی کو مؤثر بنایا جائے تاکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ حاجی عمران خان عباسی نے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی کہ فوری کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت قانونی اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ تاجر حضرات نے صوبائی حکومت سے گشت بڑھانے کا مطالبہ کیا تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے

## حب رمضان میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ جاری شہری پریشان

**افطار، تراویح اور سحر کے اوقات میں بھی بجلی کی سپلائی بحال نہیں کی جاتی، 16 تا 18 گھنٹے لوڈ شیڈنگ کی جانے لگی**

**بار ہا شکایات کے باوجود کوئی توجہ دی جا رہی ہے نہ سنجیدہ اقدام کیا جا رہا، کیسکو انتظامیہ غفلت میں مبتلا ہے، شہری**

حب (یو این اے) رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں حب شہر میں کے الیکٹرک کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہری شدید پریشان ہیں۔ شہر میں بجلی کی بندش دن بھر 16 سے 18 گھنٹے تک جاری رہتی ہے، جس سے روزہ داروں اور گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے بتایا کہ ایک گھنٹے کے لیے بجلی کی فراہمی کے بعد ہر تین سے چار گھنٹے بجلی بند کر دی جاتی ہے، جس کی وجہ سے کاروباری زندگی مفلوج ہو گئی ہے اور افطاری، نماز تراویح اور سحری کے اوقات میں بھی بجلی دستیاب نہیں ہو رہی۔ حب کے شہریوں نے ضلعی انتظامیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مسلسل شکایات کے باوجود کوئی سنجیدہ اقدام نہیں کیا جا رہا، اور انتظامیہ خواب خرگوش میں مبتلا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 FEB 2026 Page No. 12


## مہنگائی کے خلاف حکومتی کارروائی۔۔۔کوئٹہ میں ریاستی رٹ کی بحالی کا امتحان

رمضان المبارک کے آغاز کے ساتھ ہی مہنگائی کے طوفان نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا تھا۔ خاص طور پر گوشت کی قیمتوں میں اچانک اضافے نے عوامی تشویش کو بڑھایا، جہاں عالمو چوک سمیت مختلف علاقوں میں بغیر ہڈی بڑا گوشت 1550 روپے جبکہ چھوٹا گوشت 2400 سے 2500 روپے فی کلو فروخت ہونے لگا۔ شہری حلقوں کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخنامہ جاری کرنے تک محدود دکھائی دیتی ہے جبکہ قصائیوں نے اپنے من مانے ریٹ نافذ کر رکھے تھے۔ تاہم عوامی شکایات کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر انتظامیہ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے شہر بھر میں کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر 70 سے زائد گراں فروشوں کو گرفتار کیا گیا جبکہ جرمانے اور دیگر قانونی کارروائیاں بھی عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ یہ کارروائی اس حقیقت کی نشاندہی کرتی ہے کہ حکومت عوامی دباؤ اور شکایات پر حرکت میں آئی۔ رمضان جیسے حساس مہینے میں قیمتوں کا کنٹرول صرف انتظامی ذمہ داری نہیں بلکہ عوامی اعتماد کا مسئلہ بھی ہوتا ہے۔ جب مہنگائی بے قابو ہو جائے تو ریاستی رٹ کمزور دکھائی دیتی ہے، تاہم حالیہ کریک ڈاؤن نے کم از کم یہ پیغام ضرور دیا ہے کہ ناجائز منافع خوری برداشت نہیں کی جائے گی۔ کوئٹہ میں مہنگائی کا مسئلہ محض گوشت کی قیمتوں تک محدود نہیں بلکہ مجموعی مارکیٹ مانیٹرنگ کے نظام کی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر پرائس کنٹرول میکانزم مسلسل فعال رہے تو کریک ڈاؤن کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ سوال یہ ہے کہ کارروائیاں رمضان شروع ہونے کے بعد کیوں کی جاتی ہیں، پہلے کیوں نہیں؟ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ذخیرہ اندوزی اور سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کا اعلان خوش آئند ہے، مگر اصل کامیابی اسی وقت ممکن ہوگی جب: روزانہ بنیادوں پر بازاروں کی نگرانی ہو، خصوصی مجسٹریٹس فیلڈ میں متحرک رہیں، شکایتی نظام فوری ردعمل دے، بار بار خلاف ورزی کرنے والوں کے لائسنس منسوخ کیے جائیں۔ ماضی کا تجربہ یہی بتاتا ہے کہ رمضان کے ابتدائی دنوں میں کارروائیاں ہوتی ہیں مگر چند روز بعد صورتحال دوبارہ پرانی حالت میں چلی جاتی ہے۔ اس بار انتظامیہ کیلئے اصل امتحان یہ ہے کہ آیا یہ کریک ڈاؤن مستقل نظام میں تبدیل ہوتا ہے یا محض وقتی ردعمل ثابت ہوتا ہے۔ کوئٹہ میں مہنگائی کے خلاف شروع ہونے والا کریک ڈاؤن مثبت پیش رفت ضرور ہے، مگر عوام کو حقیقی ریلیف تب ملے گا جب سرکاری نرخ صرف کاغذی اعلان نہیں بلکہ عملی حقیقت بن جائیں۔ رمضان المبارک میں عوام کو سہولت فراہم کرنا حکومت اور انتظامیہ دونوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور یہی ذمہ داری عوامی اعتماد کی بنیاد بھی بنتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 23 FEB 2026 Page No. 13

# Rate List or Jail List? Tricksters!

In the very first three days of Ramzan, authorities in Quetta took strict action against those trying to exploit the public. It has been reported that 119 people were arrested and sent to jail for illegal profiteering. This is a powerful statement. It shows that the state is watching and that no one is above the law, especially when it comes to the basic rights of the people. This tough stance was not a random decision. It started at the top, with a clear directive from Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti. Right at the beginning of Ramadan, he warned the artificial inflation mafia that the government would come down hard on them. Chief Minister didn't just issue a warning; he also opened a door for the citizens. He urged the public to become partners in this effort by registering their complaints directly on the Chief Minister's portal. This is a smart move. It empowers ordinary people and makes them feel that their government is listening. When the government says it is on a mission to provide quality goods at reasonable prices, it is not just a slogan. We are seeing real action on the ground. Special magistrates have been deployed alongside the district management. They are not just sitting in offices; they are out in the fields, conducting operations and making surprise visits. This unpredictability is key. When shopkeepers know that a magistrate or a team could show up anytime, anywhere, they are far less likely to cheat their customers by using faulty weights or displaying two different price tags.

Beyond just catching the bad guys, the government is also working on positive solutions. The establishment of Ramadan savings markets is a great example. These markets provide essential items at lower rates, giving relief to the common man. Initiatives to provide free ration bags to deserving families ensures that the most vulnerable members of society do not go hungry during this blessed month. Every year, as the holy month of Ramadan begins, Muslims around the world embrace a spirit of patience, sacrifice, and self-discipline. It is a time for spiritual reflection and for remembering those who are less fortunate. Unfortunately, in many markets, this holy month also brings out a different kind of spirit one of greed. As the demand for essential food items increases, some traders see an opportunity to make a quick profit by unfairly raising prices. This year, however, the government of Balochistan has sent a very clear message: this illegal practice will not be tolerated.

Journey does not end with arrests and warnings. The real test for the government will be to maintain this pressure throughout the month and beyond. Inflation is a monster that doesn't just disappear in 30 days. The people of Balochistan will be watching to see if this energy and commitment remain consistent. For now, the message is loud and clear. The government has proven that the comfort of the people is its priority. By putting 119 profiteers behind bars in just three days, they have shown that the law is not a paper tiger. It is a relief for the common citizen to know that while they fast during the day, the government is working tirelessly to ensure that when they break their fast, they are not being overcharged for their meal. This is the true spirit of public service, and it deserves appreciation.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 FEB 2026

Page No. 14


# بڈھے بلوچ کی نصیحت




قلم کمان

☆☆☆

حامد میر

hamid.mir@janggroup.com.pk


علامہ اقبال کے اردو اور فارسی کلام کا آخری مجموعہ ''ارمغان حجاز'' انکی وفات کے کچھ عرصہ بعد شائع ہوا تھا۔ اس میں شامل ایک نظم بڑی مشہور ہوئی جس کا عنوان ہے ''بڈھے بلوچ کی نصیحت بیٹے کو''۔ اس نظم کے کئی اشعار آج کے بہت سے مسائل اور بحرانوں سے نکلنے کا راستہ دکھاتے ہیں۔ مثلاً اقبال نے فرمایا۔

دیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملت
ہے ایسی تجارت میں مسلماں کا خسارا

گزشتہ ہفتے مجھے اسلام آباد ماڈل کالج فار گرلز ایف سکس ٹو میں ایک انٹر کالجیٹ مقابلہ بیت بازی دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ اس مقابلے میں صرف علامہ اقبال کے اشعار سنائے جاتے تھے۔ مختلف کالجوں کی طالبات کی نیوں کا کلام اقبال پر عبور اور دسترس میرے لئے خوشگوار حیرت کا باعث بنا۔ ایک طالبہ نے یہ شعر پڑھا۔

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا

یہ شعر سنتے ہی مقابلہ بیت بازی کے ایک جج کی زبان سے بے اختیار نکلا ''بڈھے بلوچ کی نصیحت'' کے اشعار یہاں سب سے زیادہ پاپولر ہیں۔ یہ سن کر میں سوچ رہا تھا کہ علامہ اقبال نے 1930ء میں اپنے خطبہ الہ آباد سے لیکر اپنی آخری کتاب تک بلوچستان اور بلوچوں کی بات کی۔ وہ بلوچ دانشور جو برطانوی سامراج سے آزادی کے لئے لاہور جا کر علامہ اقبال سے مشورے کیا کرتے تھے انکی نئی نسل اقبال اور بلوچستان کے تعلق سے آج بے خبر ہے۔ مقابلہ بیت بازی ختم ہوا تو جیتنے والوں میں انعامات کی تقسیم سے قبل معروف محقق اور ماہر اقبالیات ڈاکٹر خرم الہی نے ایک تقریر کی۔ طالبات کے علامہ اقبال سے قلبی لگاؤ اور محبت نے ان کے احساسات کو بھی ایسا گرمایا کہ وہ دشمنان اقبال کے خلاف کھل کر بول پڑے اور انہوں نے ایک ہی سانس میں شاعر مشرق پر کئے جانے والے بہت سے اعتراضات کا بھرپور جواب دے ڈالا۔ ڈاکٹر خرم الہی کی گفتگو سے پتہ چلا کہ آجکل سوشل میڈیا پر علامہ اقبال کے خلاف بے بنیاد الزامات پر مبنی مہم چل رہی ہے۔ جب انہوں نے الزامات لگانے والوں کو چیلنج کیا کہ ثبوت سامنے لاؤ تو الزامات لگانے والے غائب ہو گئے۔ تقریب تقسیم انعامات کے بعد اسلام ماڈل کالج فار گرلز ایف سکس ٹو کی اساتذہ اور ڈاکٹر خرم الہی کے ساتھ علامہ اقبال کے خلاف سوشل میڈیا پر چلائی جانے والی مہم پر بڑی تفصیل سے گفتگو ہوئی۔ ایسی ہی گفتگو چند دن قبل فاسٹ یونیورسٹی اسلام آباد میں ہونے والے کشمیر سیمینار کے بعد بھی ہوئی تھی جہاں میرے علاوہ مشاہد حسین سید اور سردار مسعود خان بھی مدعو تھے۔ یہاں ایک استاد نے ایک پنجابی قوم پرست دانشور کی کتاب کے حوالے سے مجھے پوچھا کہ شیر شاہ سوری تو پنجاب کا دشمن تھا علامہ اقبال نے اپنے کلام میں شیر شاہ سوری کی حمایت کیوں کی؟ دراصل حضرت اقبال نے ایک جگہ فرمایا

یہ نکتہ خوب کہا شیر شاہ سوری نے
کہ امتیاز قبائل تمام تر خواری

میں نے استاد سے عرض کی کہ اقبال نے شیر شاہ سوری کے اس نکتے کی تعریف کی کہ قبائل کی بنیاد پر تفریق و امتیاز سے خواری کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا اس میں پنجاب دشمنی کہاں سے آ گئی؟ میں نے پوچھا کہ اگر اقبال پنجاب کے دشمن تھے تو انہوں نے گورو نانک کے لئے ''نانک'' کے عنوان سے نظم کیوں لکھی جو بانگ درا میں شامل ہے؟ میں نے یہ بھی عرض کیا کہ اقبال اور قائداعظم نے برطانوی سرکار کے خلاف جدوجہد آزادی کے عظیم ہیرو بھگت سنگھ کی بھی کھل کر حمایت کی تھی لیکن پنجاب کے کچھ متعصب دانشور اس پہلو کو جان بوجھ کر نظر انداز کرتے ہیں۔ پھر مجھے یہ بھی بتانا پڑا کہ جس کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے اتفاق سے میں نے بھی وہ کتاب پڑھ رکھی ہے اور اس کتاب میں علامہ اقبال پر تنقید کی اصل وجہ یہ نظر آتی ہے کہ جب وہ 1926ء میں پنجاب اسمبلی کے رکن بنے تو انہوں نے زرعی ٹیکس کے نفاذ کا مطالبہ کیا کیونکہ وہ جاگیرداروں کے خلاف تھے اور جاگیرداروں کی اکثریت انگریزوں کی حامی یونینسٹ پارٹی میں شامل تھی۔ یونینسٹ پارٹی کی مخالفت کو پنجاب کی مخالفت قرار دیا گیا بالکل اسی طرح جیسے آج کل پنجاب میں مریم نواز کی حکومت پر تنقید کی جائے تو اس تنقید کو پنجاب دشمنی قرار دیا جاتا ہے۔ یہ گفتگو چلتی چلاتی بلوچستان تک پہنچ گئی اور فاسٹ یونیورسٹی کے ایک استاد کو یاد دلایا کہ اقبال درست کہا آپ نے کیونکہ بلوچستان کی موجودہ حکومت بھی اپنے ہر سیاسی مخالف کو پاکستان کا مخالف قرار دیتی ہے۔ میں نے انہیں بتایا کہ پچھلے دنوں لاہور میں عاصمہ جہانگیر کانفرنس کے دوران اختر مینگل کی تقریر کے دوران تالیاں بج گئیں جس پر اسلام آباد کے کچھ طاقتور لوگ ان سے ناراض ہو گئے۔ اختر مینگل نے صرف یہ کہا تھا کہ بلوچستان پوائنٹ آف نو ریٹرن سے بہت آگے جا چکا ہے اس لئے اب آپ ہی ادھر تم ادھر ہم کا نعرہ لگا دیں کیونکہ پہلے بھی یہ نعرہ آپ نے لگایا تھا۔ اس سے مراد ذوالفقار علی بھٹو تھے جن سے یہ نعرہ منسوب ہے۔ اختر مینگل نے اپنے بھائی اسد اللہ مینگل کی 50 سال پرانی گمشدگی کا بھی ذکر کیا اور بتایا کہ لاپتہ افراد کے انکوائری کمیشن نے یہ کہہ کر میرے بڑے بھائی کا کیس ختم کر دیا کہ لاپتہ اسد مینگل کے لواحقین کا ایڈریس اور موبائل نمبر معلوم نہیں ہو سکا لہذا یہ کیس ڈسپوز آف کر دیا گیا۔ اختر مینگل نے اپنی تقریر میں کہا کہ آپ نے میرے خلاف کئی مقدمے قائم کر رکھے ہیں مجھے ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کر رکھا ہے حیرت ہے آپکو میرا ایڈریس اور فون نمبر معلوم نہیں۔

سب سے قابل غور نکتہ یہ ہے کہ اسد مینگل کی گمشدگی کا ذکر سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی کتاب ''افواہ اور حقیقت'' میں کیا جو انہوں نے موت سے پہلے جیل میں لکھی تھی۔ میں کئی دفعہ اس کتاب کا ذکر کر چکا ہوں۔ 1976ء میں اسد مینگل کو کراچی سے گرفتار کیا گیا تھا۔ وزیراعظم کو اخبارات کے ذریعہ عطاء اللہ مینگل کے بیٹے کی گمشدگی کا پتہ چلا۔ اسوقت کے آرمی چیف جنرل ٹکا خان نے وزیراعظم کو بتایا کہ اسد مینگل گرفتاری کے دوران زخمی ہو گیا تھا اور پھر جاں بحق ہو گیا اسکی لاش ٹھٹھہ کے قریب دفنا دی گئی۔

جب وزیراعظم نے کہا کہ لاش تو اس کے خاندان کو دیدو تو آرمی چیف نے اپنے ساتھی جرنیلوں کا یہ پیغام وزیراعظم کو دیا کہ آپ کہہ دیں کہ اسد مینگل افغانستان بھاگ گیا ہے۔ اسد مینگل کے والد عطاء اللہ مینگل کو مرتے دم تک بیٹے کی قبر کا ایڈریس نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کبھی علیحدگی کا نعرہ نہیں لگایا تھا۔ میری آخری ملاقات ان سے وڈھ میں ہوئی تھی۔ بڈھے بلوچ نے مجھے کہا تھا کہ یاد رکھنا ہم پاکستان نہیں توڑیں گے اگر اس ملک کو دوبارہ نقصان پہنچا تو وہی ذمہ دار ہوں گے جو ہمیں کل بھی غدار کہتے تھے آج بھی غدار کہتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 FEB 2026 Page No. 15


## ''ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) عوامی خدمت میں پیش پیش''


افکارِزاہدی
نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq nuhz@gmail.com




ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے جنوبی بلوچستان میں سیکیورٹی ذمہ داریوں کی موثر ادائیگی کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کے میدان میں بھی ایک کلیدی اور نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ جنوبی بلوچستان جیسے وسیع، حساس اور اہم علاقے میں امن کے قیام کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود کو یکساں اہمیت دینا ایک ذمہ دارانہ اور مدبرانہ طرزِ عمل کی روشن مثال ہے۔ اسی جامع حکمت عملی کے تحت ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے ترقی، استحکام اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے نمایاں اقدامات کیے ہیں۔ جنوبی بلوچستان میں قومی اہمیت کے حامل منصوبے جن میں سی پیک، سینڈک، ریکوڈک، سیندل اور دودر کے کاپر اور گولڈ مائن اور دیگر منصوبے شامل ہیں، جو ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں میرانی ڈیم، تنک ڈیم، کیشکور ڈیم، گرک ڈیم، شادی کور ڈیم اور شاپک ڈیم جیسے اہم آبی منصوبوں کی سیکیورٹی کو یقینی بنانا ایک بنیادی ذمہ داری ہے، مگر اس کے ساتھ ساتھ مقامی آبادی کی فلاح و بہبود، ان کی ضروریات کا خیال اور ان کے ساتھ مضبوط روابط قائم رکھنا بھی اتنا ہی اہم ہے۔ چنانچہ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے ان دونوں پہلوؤں کو یکجا کرتے ہوئے عملی اقدامات کو ترجیح دی اور سیکیورٹی کے ساتھ ساتھ خدمت انسانیت کو بھی اپنا شعار بنایا۔ اسی خدمت کے تسلسل میں صرف ماہ جنوری 2026 کے دوران جنوبی بلوچستان کے دورافتادہ اور پسماندہ علاقوں میں 298 فری میڈیکل کیمپوں کا انعقاد ایک نمایاں اور قابل تحسین مثال ہے، جہاں ہزاروں مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی گئیں، جن میں خواتین، بچے، بزرگ اور مرد شامل تھے۔ ان کیمپوں میں ماہر ڈاکٹرز کی خدمات، خواتین کے لیے خصوصاً گائناکالوجسٹ کی موجودگی، ادویات کی مفت فراہمی اور بنیادی ٹیسٹوں کی سہولت نے صحت کے حوالے سے فوری ریلیف فراہم کیا۔ دور دراز بستیوں میں رہنے والے افراد کے لیے یہ کیمپ کسی بڑی نعمت سے کم نہ تھے۔ طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ عوامی مسائل کے حل اور باہمی رابطے کو مضبوط بنانے پر بھی خصوصی توجہ دی گئی۔ اسی مقصد کے تحت جنوری میں 48 جرگوں اور کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ جن میں مقامی عمائدین، معززین علاقہ، خواتین، طلبہ، نوجوانوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی اور اپنے مسائل براہ راست پیش کیے۔ ملکی انتظامیہ کے تعاون سے شکایات کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات نے عوام اور ایف سی کے درمیان اعتماد کو مزید مستحکم کیا۔ یہ سلسلہ اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ مقامی سطح پر مشاورت اور رابطہ ہی پائیدار استحکام کی بنیاد بنتا ہے۔ اسی طرح نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا بھی ترجیحات میں شامل رہا۔ اس سلسلے میں گزشتہ ایک ماہ میں جنوبی بلوچستان بھر میں 38 مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ کرکٹ، فٹ بال اور دیگر کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں کو صحت مند ماحول فراہم کیا گیا، جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکیں۔ کھیل نہ صرف جسمانی نشوونما کا موثر ذریعہ ہیں بلکہ نظم و ضبط، برداشت اور ٹیم ورک جیسی خصوصیات کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ ان سرگرمیوں نے نوجوانوں میں جوش و جذبہ پیدا کیا اور انہیں تعمیری سرگرمیوں سے وابستہ رکھا اور معاشی ہم آہنگی کو تقویت دی۔ سماجی ذمہ داری کے احساس کے تحت سرد موسم میں 1500 سے زائد مستحق افراد میں گرم کپڑوں کی تقسیم بھی ایک اہم اقدام تھا۔ شالیں، ٹوپیاں، جرسیاں اور جوتے جیسی اشیاء نے ضرورت مند خاندانوں کو موسم سرما کی سختیوں سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ اقدام کمزور اور نادار طبقات کے ساتھ عملی یکجہتی اور احساسِ ہمدردی اور معاشرتی ذمہ داری کا مظہر ہے، جس کے ذریعے انہیں سہارا فراہم کیا گیا۔ سماجی بہبود کے ساتھ ساتھ تعلیمی میدان میں بھی عملی اقدامات کیے گئے۔ مختلف اسکولوں کی تزئین و آرائش اور بنیادی سہولیات کی بہتری کا کام کیا گیا، جس سے تعلیمی ماحول میں واضح بہتری آئی۔ صاف ستھرا اور منظم ماحول طلبہ میں سیکھنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ جب اسکولوں کی عمارتیں اور سہولیات بہتر ہوتی ہیں تو اس کا مثبت اثر براہِ راست بچوں کی کارکردگی اور اعتماد پر پڑتا ہے۔ یہ اقدامات اس حقیقت کو تقویت دیتے ہیں کہ تعلیم کے فروغ کے بغیر کسی بھی علاقے کی ترقی ممکن نہیں۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی بلوچ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع سے متعلق سیمینار کا انعقاد تھا، جس میں نوجوانوں کو یہ آگاہی فراہم کی گئی کہ جنوبی بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے روزگار کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہیں مختلف شعبہ جات، مہارتوں اور مواقع کے بارے میں رہنمائی فراہم کی گئی تاکہ مستقبل کے حوالے سے واضح سمت اختیار کر سکیں۔ اس نوعیت کی رہنمائی نوجوانوں کو عملی میدان میں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتی ہے اور انہیں تعمیری کردار ادا کرنے ترغیب فراہم کرتی ہے۔ مزید برآں رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بیواؤں، یتیموں اور سیکڑوں مستحق خاندانوں میں رمضان پیکج تقسیم کیا گیا۔ بنیادی اشیائے خورد و نوش کی فراہمی نے ضرورت مند خاندانوں کو باعزت طریقے سے روزے رکھنے کا موقع دیا۔ یہ اقدام معاشرتی ہم آہنگی اور خدمت خلق کی روشن مثال ہے، جس کے ذریعے مستحق طبقات کی ضروریات کا خیال رکھا گیا۔ اسی خدمت کے تسلسل میں پنجگور کے علاقے غریب آباد میں حضرت شاہ ہو قلندر کا دربار جو طویل عرصے سے عدم توجہی کی وجہ سے خستہ حالی کا شکار ہو کر کھنڈرات کی صورت اختیار کر چکا تھا، اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اس کی ازسرنو تزئین و آرائش کا کام بھی انجام دیا گیا۔ اس اقدام نے مذہبی اور ثقافتی وابستگی کے اظہار کو تقویت دی اور مقامی سطح پر مثبت اثرات مرتب کیے۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اپنی تعیناتی کے علاقوں میں امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کو بھی بھرپور، منظم اور مربوط انداز میں آگے بڑھایا ہے۔ صحت، تعلیم، کھیل، سماجی بہبود اور روزگار کے شعبوں میں کی جانے والی سرگرمیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے عوامی خدمت کو اپنے فرائض کا لازمی حصہ بنایا ہے۔ بلاشبہ ملک کی بقا و سلامتی ہو یا دہشت گردی کے سائے ہوں یا پھر کسی بھی قسم کی قدرتی آفات، ایف سی (ساؤتھ) کے جوانوں نے ہمیشہ لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھ کر بلوچ بھائیوں کی مدد کی ہے۔ اور ایسے منصوبوں کا آغاز کیا جس سے یہاں کے نوجوان اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر ملکی اور عوامی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکے۔